صلاحیت رکھتا ہے سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے نہ صرف دشمن پر بلکہ پوری دنیا پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوالیا ہے۔ رافیل جیسے جدید اور مہنگے طیارے کو مار گرانا ایک تاریخی کارنامہ ہے، جس نے نہ صرف دشمن کے غرور کو خاک میں ملایا بلکہ دنیا کو بھی حیران کر دیا انہوں نے کہا کہ اللہ کی نصرت اور قوت ایمانی ہماری مسلح افواج کا حقیقی اثاثہ ہیں، جو ہر محاذ پر انہیں کامیابیاں عطا کرتی ہیں۔ سردار کوہیار کا کہنا تھا کہ شہادت ایک مومن کے لیے اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ افضل ترین انعام ہے، اور یہی سوچ ہماری افواج کے عزم و ہمت کا سرچشمہ ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ اس حالیہ جنگی محاذ پر کامیابی قوم کے لیے باعثِ فخر ہے، اور اس موقع پر آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، دیگر عسکری سربراہان اور ہر جوان شاباش کے مستحق ہیں، جنہوں نے جرات، حکمت اور پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے سردار کوہیار خان ڈومکی نے مزید کہا کہ بھارت کو اب سبق سیکھ لینا چاہیے اور امید ہے کہ مودی سرکار دوبارہ پاکستان کے خلاف کسی مہم جوئی کی جرأت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ دشمن مخالف جنگ میں جس قومی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا، وہ واقعی قابلِ دید اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

## بھارت نے بزدلانہ حملوں میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا' ظہور بلیدی

**افواج پاکستان نے منہ توڑ جواب دیکر ہر شہید کے خون کا حساب چکا دیا، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء اور صوبائی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی نے بھارتی جارحیت پر اپنے شدید ردعمل میں کہا ہے کہ بھارت نے بزدلانہ انداز میں نہتے اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، جو ........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کہ عالمی قوانین اور انسانیت کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ دہشت گردی اور ظلم کو اپنی ریاستی پالیسی کا حصہ بنائے ہوئے ہے، لیکن پاکستان کی بہادر افواج نے فوری اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا اور ہر شہید کے خون کا حساب چکا دیا۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ ہمیں اپنی افواج پر مکمل فخر ہے، جنہوں نے ثابت کیا کہ پاکستان نہ صرف اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 11 MAY 2025 Page No. 12


## بھارت کو پیغام دیدیا، پاکستان مہم جوئی برداشت نہیں کریگا، شعیب نوشیروانی

**قوم پاک فوج، فضائیہ اور دیگر سیکورٹی اداروں کیساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے، وزیر خزانہ و معدنیات**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے بھارتی جارحیت کے خلاف پاک فوج اور فضائیہ کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن کی ناپاک سازشوں کو ناکام بنانے میں ہماری مسلح افواج نے ایک بار پھر اپنی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور عزم کا شاندار مظاہرہ کیا ہے۔ ایک بیان میں میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ آپریشن بنیان المرصوص قومی وقار، یکجہتی اور دفاع وطن کے لیے افواج پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس آپریشن کے ذریعے دشمن کو واضح پیغام دیا گیا ہے کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور سرحدوں کے تحفظ کے معاملے میں کسی مہم جوئی کو برداشت نہیں کرے گا، وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے، لیکن دفاع وطن کے لیے ہر حد تک جانے کی صلاحیت اور ارادہ رکھتا ہے۔ انہوں نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ پاکستان نے نہ صرف عسکری میدان میں بلکہ سفارتی محاذ پر بھی موثر انداز سے بھارت کے توسیع پسندانہ عزائم کو بے نقاب کیا ہے۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ قوم پاک فوج، فضائیہ اور دیگر سیکورٹی اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے اور ہر پاکستانی دشمن کے عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے تیار ہے، انہوں نے اس موقع پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور ملکی دفاع کے لیے ان کا عزم و حوصلہ قابل تحسین ہے، صوبائی وزیر خزانہ نے دشمن کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قسم کی مہم جوئی یا غلط فہمی کی صورت میں اسے سنگین نتائج بھگتنا ہوں گے کیونکہ ہم پاکستانی ایک مضبوط، متحد اور باوقار قوم ہیں۔

## پاکستان بہادر افواج اور غیرت مند اقوام کا ملک ہے' نور محمد دمڑ

**بھارتی جارحیت پر منہ توڑ جواب پاک افواج کی صلاحیتوں کا اعتراف ہے' بیان**

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ بھارتی جارحیت کے خلاف پاک فوج اور فضائیہ کے دندان شکن جواب پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھرپور انداز سے دشمن کو موثر اور منہ توڑ جواب دیکر یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان ایک اسلامی ایٹمی ملک کے ساتھ بہادر [illegible]

افواج غیرت مند اقوام کا ملک ہے جس پر 25 کروڑ عوام نہ صرف فخر کرتے بلکہ بھارتی ہٹ دھرمی میں مکمل طور پر افواج پاکستان کی ساتھ شانہ بشانہ لڑنے کیلئے تیار ہیں صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا بھارت کو جواب پاک افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بھارت ناکام، پاکستان اپنی سالمیت کے تحفظ میں مکمل بااختیار ہے، صادق عمرانی

**بھارتی حکمران حملوں کی ناکامی اور جگ ہنسائی پر بوکھلاہٹ کا شکار ہیں،' صوبائی وزیر**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ بھارت نے عالمی اصولوں کے خلاف پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری کو پامال کرتے ہوئے جس طرح سے دراندازی کے ذریعے آج ملک کے مختلف علاقوں میں ڈرونز کے ذریعے......... 

بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

جاسوسی کرنے کی ناکام کوشش کی وہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ بھارتی حکمران اور ان کے افواج اپنے گزشتہ رات کے حملوں کی ناکامی اور جگ ہنسائی پر بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے

## آپریشن بنیان المرصوص نے دشمن کی نیندیں اڑا دیں' میر سلیم کھوسہ

**پاک فوج کی جرات مندانہ کارروائی بھارت کے لیے پیغام ہے کہ ہم امن پسند ضرور ہیں کمزور نہیں**

**اس جنگ میں پوری قوم پاک فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کے مانند کھڑی ہے، پارلیمانی لیڈر**

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے افواجِ پاکستان کا بھارت کے اشتعال انگیزی کا موثر جواب دینے پر زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپریشن "بنیان المرصوص" آہنی دیوار،، دشمن کی نیندیں اڑا دیں پوری قوم کو اپنے بہادر سپوتوں پے ناز اور فخر ہے جس بہادری جذبے اور شہادت کی تمنا رکھنے والے پاک فوج نے دشمن کو جس انداز سے جواب دیا، وہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ پاکستان نے اپنی سلامتی پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا اور نا آگے بھی کریگا افواجِ پاکستان نے آج جو تاریخ رقم کی وہ بھارت صدیوں نہیں بھولے گا پاک فوج کی جرات مندانہ کارروائی بھارت کے لیے پیغام ہے کہ ہم امن پسند ضرور ہیں، کمزور نہیں۔ اس جنگ میں پوری قوم پاک فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کے مانند کھڑی ہے۔ دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے قوم یکجہتی کے ساتھ متحد ہے

## پاک فوج کے جوانوں کے پیشہ ورانہ مہارت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں' بخت کاکڑ

**الحمدللہ افواج پاکستان نے مربوط طریقے سے طاقتور جواب دیا' وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے بھارتی جارحیت کے خلاف پاک فوج کے جوانوں کے تدبر، حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ' الحمدللہ افواج پاکستان نے مربوط طریقے سے طاقتور جواب.........

بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

دیا ہے مادر وطن کے دفاع کے لئے ہماری بہادر افواج کی مہارت قابل تحسین ہے ہمیں اپنی افواج پر فخر ہے، پاک افواج اور قوم اس کامیاب آپریشن پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، بھارت کی مذموم کوششوں کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہیں' یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بھارتی حملوں میں نہتے اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا گیا تاہم بھارت کی ان پے در پے کارروائیوں کا ہماری بہادر افواج نے بھرپور جواب دیا، آج پاکستان نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 11 MAY 2025 Page No. 13

# بلوچستان کے 7 اضلاع میں روٹین امیونائزیشن پراجیکٹ کا آغاز کر دیا گیا

پراجیکٹ کا مقصد ٹیکوں کی کوریج اور بچوں کی صحت میں نمایاں بہتری لانا ہے، آغا خان یونیورسٹی کے سینٹر آف ایکسیلنس ان ویمن اینڈ چائلڈ ہیلتھ سے معاہدے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آغا خان یونیورسٹی کے سینٹر آف ایکسیلنس ان ویمن اینڈ چائلڈ ہیلتھ کا بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کا منصوبہ شروع بلوچستان کے ایکسپینڈڈ پروگرام آن امیونائزیشن کے اشتراک سے کوئٹہ میں سٹرینتھننگ روٹین امیونائزیشن پراجیکٹ کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ منصوبہ سات پسماندہ اضلاع کوئٹہ، قلعہ عبداللہ، چمن، پشین، مستونگ، سبی اور ژوب میں نافذ کیا جائے گا جس کا مقصد معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج اور بچوں کی صحت کے نتائج میں نمایاں بہتری لانا ہے۔ بل گیٹس فاؤنڈیشن کی مالی معاونت سے شروع ہونے والا یہ اقدام حفاظتی ٹیکہ جات کی عدم مساوات کو کم کرنے، شواہد پر مبنی پالیسی سازی کو فروغ دینے اور ان علاقوں میں کسی بچے کو پیچھے نہ چھوڑنے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ ایس آر آئی پی منصوبے کے تحت مقررہ اور آؤٹ ریچ مقامات پر حفاظتی ٹیکہ جات کی خدمات کو مضبوط کیا جائے گا، لیڈی ہیلتھ ورکرز اور ہیلتھ کاؤنسلرز کے ذریعے کمیونٹی میں آگاہی بڑھائی جائے گی اور نگرانی و ڈیٹا کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا۔ یہ منصوبہ احتساب اور سرکاری ٹیموں کے ساتھ تعاون کو ترجیح دیتا ہے اور حقیقی وقت میں پیش رفت کے تعین کے لیے نیشنل الیکٹرانک امیونائزیشن رجسٹری سے استفادہ کرے گا۔ افتتاحی تقریب میں صوبائی اور ضلعی صحت کے اعلیٰ افسران اور عالمی و قومی تنظیموں بشمول ڈبلیو ایچ او، گاوی، اور یونیسیف کے نمائندگان شریک ہوئے۔ تقریب کے دوران آغا خان یونیورسٹی اور محکمہ صحت کے درمیان ایک تعاون نامے پر دستخط بھی ہوئے۔ آغا خان یونیورسٹی کی جانب سے پروفیسر ساجد صوفی جو بچوں کے شعبے کے پروفیسر اور سینٹر آف ایکسیلنس ان ویمن اینڈ چائلڈ ہیلتھ کے ایسوسی ایٹ ڈائریکٹر ہیں نے دستخط کیے جبکہ حکومت بلوچستان کی جانب سے سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن نے دستخط کیے۔ آغا خان یونیورسٹی کے اسسٹنٹ پروفیسر اور منصوبے کے پرنسپل انویسٹی گیٹر امتیاز حسین نے منصوبے کے تیاری کے مرحلے، بشمول ضلع وار ضروریات کے جائزے پر روشنی ڈالی اور مؤثر نفاذ کے لیے روڈ میپ پیش کیا۔

---

MASHRIQ QUETTA

# کوئٹہ ٹریفک پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، ایس ایس پی

ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ سریاب سرکل آفس کی تعمیر کا افتتاح کر دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ بہرام خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ٹریفک پولیس کے سب آفسز کے قیام سے سائلین کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی، ڈی ایس پی سریاب سرکل آفس کے قیام سے ڈبل روڈ و ملحقہ علاقوں میں ٹریفک سے متعلق مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈبل روڈ پر ڈی ایس پی ٹریفک سریاب سرکل آفس کے تعمیراتی کام کے افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر سیف اللہ درانی نے انہیں سائٹ پلان کے مطابق بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایس پی صدر سرکل سید عاصم علی شاہ ایس پی سریاب سرکل علی نواز ڈی ایس پی سریاب سرکل یاور عباس اور ایس ڈی او سی اینڈ ڈبلیو محمد اسماعیل بھی موجود تھے۔ ایس ایس پی ٹریفک نے کہا کہ آفس کے قیام سے ڈبل روڈ و ملحقہ علاقوں میں ٹریفک سے متعلق مسائل پر قابو پانے میں مدد ملے گی، ہم کوئٹہ ٹریفک پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں۔

---

# حکومت بلوچستان کی جانب سے حساس فائلوں و ویب سائٹس کی حفاظت کیلئے سائبر الرٹ جاری

اے سی ایس داخلہ، منصوبہ بندی و ترقیات، چیئرمین وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سمیت انتظامی سیکرٹریز کو اقدامات کیلئے ہدایات

سرکاری ویب سائٹس پر سائبر حملوں کا خطرہ اور مخصوص مداخلتی کوششوں کے شواہد سامنے آئے ہیں، محکمہ سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی

کوئٹہ (یو این اے) حکومت بلوچستان کے محکمہ سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی کے جاری کردہ ایک اہم مراسلے میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، چیئرمین وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم، اور سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سمیت تمام انتظامی سیکرٹریز کو سائبر سیکیورٹی سے متعلق فوری اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں مراسلے میں کہا گیا ہے کہ حساس سرکاری دستاویزات، خفیہ فائلیں اور سرکاری ویب سائٹس پر سائبر حملوں کا خطرہ بڑھتا جا رہا ہے اور مخصوص مداخلتی کوششوں کے شواہد سامنے آئے ہیں محکمہ سائنس و.......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

انفارمیشن ٹیکنالوجی نے تمام سرکاری محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے ڈیجیٹل نظام، خفیہ فائلوں اور آفیشل معلومات کی سیکیورٹی یقینی بنانے کیلئے جامع اور مؤثر اقدامات اٹھائیں تاکہ ممکنہ سائبر حملوں سے بچا جا سکے۔

---

Century Express Quetta

# صوبائی محتسب اعلیٰ نے خصوصی ٹیم تشکیل دیدی

مذکورہ ٹیم ماہانہ بنیادوں پر مختلف انکوائریز پر کارروائی یقینی بنائے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب کے دفتر میں صوبائی محتسب اعلیٰ نذر محمد بلوچ کی زیر صدارت اہم نشست ہوئی جس میں ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ عبدالواحد کاکڑ نے شرکت کی۔ دوران نشست صوبے کے مختلف محکموں کے خلاف عوامی شکایات پر تبادلہ خیال کیا گیا بالخصوص انکوائریز میں شفافیت کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ صوبائی محتسب اعلیٰ نے محکمہ اینٹی کرپشن کو صوبائی محتسب کی جانب سے بھیجی گئی عوامی شکایات کی رپورٹ بھی طلب کی اور یہ اعادہ بھی کیا کہ مستقبل میں صوبائی محتسب بدعنوانی کے متعلق شکایات اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کو بھیجے گا۔ اس موقع پر صوبائی محتسب اعلیٰ نے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دینے کا اعلان کیا جو ماہانہ بنیادوں پر مختلف انکوائریز پر شفافیت کے ساتھ فوری کاروائی کو یقینی بنانے کیلئے کام کرے گی جس سے سائلین کو فوری انصاف تک رسائی حاصل ہوگی۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل عبدالواحد کاکڑ نے محکمہ اینٹی کرپشن کی طرف سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

---

Century Express Quetta

# ڈی جی جی ڈی اے کا ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

تاریخی وثقافتی ورثے کی بحالی کے کام پر اطمینان کا اظہار، جلد مکمل کرنے کی ہدایت

ملا فاضل چوک اور عمانی قلعہ بھی گئے، چیف انجینئر نے پیش رفت سے آگاہ کیا

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) سیف اللہ کھیتران نے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے سمیت جی ڈی اے کی جانب سے جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے تاریخی و ثقافتی ورثے کی بحالی کے تحت برطانوی دور کے قدیم ٹیلیگراف آفس کا معائنہ کیا اور کام کے معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے باقی ماندہ کاموں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔ دورے کے دوران ڈی جی جی ڈی اے نے گوادر کے اہم تجارتی و تاریخی مرکز ملا فاضل چوک، میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر جی ڈی اے کے چیف انجینئر حاجی سید محمد نے انہیں جاری کاموں کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے جی ڈی اے کی انجینئرنگ ٹیم کو بہترین کارکردگی پر شاباش دی اور کہا کہ منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل اولین ترجیح ہے۔ قبل ازیں ڈائریکٹر جنرل نے پاکستان آرمی کے جی او سی، میجر جنرل عدنان سرور ملک کے ہمراہ عمانی قلعہ کا بھی دورہ کیا اور اسے گوادر کے ثقافتی ورثے کا اہم حصہ قرار دیا۔ علاقہ مکینوں اور دکانداروں نے جی ڈی اے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں نے علاقے کی رونقیں بحال کر دی ہیں اور معیشت میں بہتری کی نئی راہیں کھولی ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل سیف اللہ کھیتران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گوادر کو عالمی معیار کا ترقی یافتہ، خوبصورت، معاشی اور سیاحتی مرکز بنانے کے لیے جی ڈی اے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گا۔ جلد ہی کچھ نئے اور بڑے منصوبے متعارف کروائے جائیں گے جن سے عوامی سہولتوں اور شہر کی مجموعی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 11 MAY 2025

Page No. 14

# عوام جان ومال کے تحفظ اور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، پشتونخوامیپ

## قومی موقف پر سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، وادان و دیگر کا خطاب، صوبائی بیان میں جرائم کی بڑھتی وارداتوں پر اظہار تشویش

قلعہ سیف اللہ+مسلم باغ+کان مہترزئی (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ تعلیم، صحت وزراعت کے شعبوں کی تباہی کے ساتھ امن وامان کی ابتر صورتحال سے عوام کو جان و مال کا تحفظ درپیش ہے، مین شاہراہوں پر چوری، ڈکیتی، بدامنی اور اغوا برائے تاوان کے واقعات تشویشناک صورتحال اختیار کرچکے ہیں اور اس کی روک تھام میں حکومت اور انتظامیہ بے بس ہیں۔ عوام کو گیس، بجلی، روزگار سے محروم رکھا گیا ہے، پشتونخوامیپ کے عہدیداروں اور کارکنوں نے اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہوگا، موجودہ حالات میں کارکنوں نے ہر لمحہ چوکنا رہنا ہوگا، سوشل میڈیا پر پارٹی پروگراموں اور پیغام کو ہر گھر تک رسائی کارکنوں کی ذمہ داری ہے، سوشل میڈیا کا مثبت استعمال ضروری ہے، قومی اہداف کے حصول کی جدوجہد سے توجہ ہٹانے کے لئے مخالفین اور منفی عناصر کے منفی مواد پر اپنی رائے دینے سے گریز اور اس پر وقت کا ضیاع نہ کیا جائے، کیونکہ سازش کے تحت سوشل میڈیا پر کارکنوں کے جذبات کا غلط استعمال کیا جارہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سردار حیات میرزئی، اقبال خان بے زئی، حاجی دارا خان جوگیزئی ودیگر ضلعی وتحصیل رہنماؤں نے ضلع قلعہ سیف اللہ کی ضلعی کمیٹی، تحصیل کمیٹی قلعہ سیف اللہ، علاقائی یونٹوں کے مشترکہ اور مسلم باغ تحصیل کمیٹی کے علیحدہ اجلاس اور کان مہترزئی میں شمولیت کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ پشتونخوامیپ کے بانی عبدالصمد خان اچکزئی نے ملک کے قیام سے قبل اور قیام کے بعد جن قومی سیاسی جمہوری نکات پر جدوجہد کا آغاز کیا انہی قومی، سیاسی، جمہوری نکات پر عملدرآمد کیا جاتا تو آج اس ملک اور بالخصوص پشتونخوا وطن کے عوام کے حالات کچھ اور ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پارٹی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ برصغیر سے لیکر آج تک پارٹی کے اکابرین اپنے اصولی قومی سیاسی جمہوری موقف پر ڈٹے رہے اور انہوں نے کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کیا اور ہمیشہ اپنے عوام کی تائید وحمایت سے اپنی جدوجہد کو دوام دیئے رکھا۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی بیان میں مختلف اضلاع میں مسلسل موبائل سروس بند رکھنے، نیٹ ورک ٹاورز کی بیٹریاں چرانے کی وارداتوں، ملزمان کی نشاندہی اور پکڑے جانے کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے کارروائی نہ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ قلعہ سیف اللہ، ہرنائی، زیارت اور دیگر اضلاع میں متعدد بار موبائل فون نیٹ ورک کے ٹاورز کی بیٹریاں چرانے اور مختلف اضلاع میں موبائل فون سروس، انٹرنیٹ بند رکھنے سے عوام کو دشواریوں کا سامنا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سرکاری سرپرستی میں مجرمان آزاد گھوم رہے ہیں جس کا نوٹس لینا انتظامیہ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ مزید غفلت برتنے کی صورت میں پارٹی عوام کی مدد سے احتجاج کرنے میں حق بجانب ہوگی۔

# قومی یکجہتی کیلئے ماحول سازگار بنایا جائے، ہدایت الرحمان

## اہل بلوچستان کو حقوق، لاپتہ افراد کو بازیاب اور بارڈر بندش کا خاتمہ کیا جائے، خطاب

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بھارت کا مقابلہ قومی یکجہتی کے بغیر ممکن نہیں، قومی یکجہتی کیلئے ماحول سازگار بنانا، سیاسی انتقام بند، سیاسی قیدیوں کی رہائی اور محبت کی فضا سازگار بنانا حکمرانوں کی ذمہ داری ہے۔ اہل بلوچستان کو حقوق، لاپتہ افراد کو بازیاب، تجارت وکاروبار کی بحالی، غربت میں کمی کیلئے بارڈرز بندش کا خاتمہ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کوئٹہ کے اجتماع ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق امیر مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ قرآن وسنت پر عمل کرکے ہم دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں، قرآن سے دوری کی وجہ سے ہم مسائل ومشکلات اور نہ ختم ہونے والی پریشانیوں کا شکار ہیں۔ اجتماع عبدالنعیم رند نے خطاب میں کہا کہ کوئٹہ میں جماعت اسلامی روز بروز فعال ہورہی ہے ارکان وذمہ داران کے ذریعے جماعت کو فعال بنا کر اہلیان کوئٹہ کو دیانت دار خدمت کے جذبے سے سرشار قیادت وٹیم دیں گے۔ اس موقع پر ضلعی جنرل سیکرٹری اعجاز محبوب نے تنظیمی رپورٹ پیش کی۔

CamScanner

## پنجگور: دوبھتانوں اور ہوٹل پر حملہ، حالات کشیدہ رہے

**تحصیل گوارگو میں ایک بوزر نذر آتش، دو کے ٹائر برسٹ، کار پر فائرنگ سے ایک شخص ہلاک**

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور میں گزشتہ رات نامعلوم مسلح افراد نے پنجگور کے مختلف مقامات پر کارروائیاں جاری رکھیں۔ ایک واقعے میں پولیس تھانہ سریکوران وشبود کا اسلحہ لوٹ لیا اور مختلف اشیاء جلا کر تھانے کو شدید نقصان پہنچایا اور دو گاڑیاں نذر آتش کر دیں۔ ایک اور واقعے میں مسلح افراد پولیس چیک پوسٹ بونستان کا بھی گھیراو کر کے اسے

نذر آتش کرنے کے بعد پولیس اہلکاروں کا اسلحہ لے کر فرار ہو گئے جبکہ پولیس چیک پوسٹ بونستان کے قریب ایک اور نجی ہوٹل پر حملہ کر کے دو افراد کو زخمی کرنے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں۔ رات بھر پنجگور کے حالات انتہائی کشیدہ رہے اور مختلف مقامات پر دھماکوں اور فائرنگ کی آوازیں سنائی دی گئیں۔ درایں اثناء گزشتہ روز علی الصبح تحصیل گوارگو کے علاقے گوران کے پہاڑی سلسلے میں تربت سے آنے والی تین بوزر گاڑیوں پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا۔ حملے کے نتیجے میں ایک بوزر گاڑی نذر آتش اور دو گاڑیوں کے ٹائر برسٹ ہو گئے۔ درایں اثناء پنجگور میں گزشتہ شب فائرنگ کے تبادلے میں کوئٹہ سے تربت جانے والی کار بھی فائرنگ کی زد میں آ گئی۔ جس سے کار میں سوار ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ جسکی شناخت لعل محمد ولد الٰہی بخش سکنہ بلیدہ سے ہوئی ہے۔ قانون نافذ کرنے والوں نے تحقیقات کے بعد مقتول کی لاش ورثاء کے حوالے کر دی۔ پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے بڑی جدوجہد کے بعد حالات پر کنٹرول کر کے مسلح افراد کو بھاگنے پر مجبور کر دیا۔

## پشین: لیویز اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ، 2 زخمی حالت میں گرفتار

**گرفتار ڈاکوؤں کا تعلق برشور سے ہے، ایک لیویز اہلکار شدید زخمی ہو گیا، واقعے کی مزید تفتیش اور کارروائی جاری ہے**

پشین (نامہ نگار) پشین لیویز اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے، ایک لیویز اہلکار شدید زخمی ہوا۔ تفصیلات کے مطابق ڈب کراس پر لیویز اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے، جبکہ لیویز اہلکار بشیر احمد شدید زخمی ہو گیا۔ زخمی اہلکار کو فوری طبی امداد کے لیے سی ایم ایچ کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز عبدالغفار خان مگسی نے سی ایم ایچ کا دورہ کیا اور زخمی اہلکار بشیر احمد کی عیادت کی۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ زخمی اہلکار کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، ذرائع کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ڈاکوؤں کا تعلق تحصیل برشور سے ہے، جنہیں ابتدائی طبی امداد کے لیے ٹراما سینٹر کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے۔ لیویز پشین کی جانب سے واقعے کی مزید تفتیش اور کارروائی جاری ہے۔

## نوشکی، مسلح افراد نے احمد وال لیویز چیک پوسٹ کو آگ لگادی

نوشکی (نامہ نگار) مسلح افراد نے گزشتہ شب احمد وال لیویز چیک پوسٹ کا گھیراؤ کرنے کے بعد آگ لگادی مسلح افراد وائرلیس سیٹ بھی اپنے ساتھ لے گئے سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

## تربت: حجام کی دکان پر فائرنگ، دو کاریگر زخمی

تربت (نامہ نگار) تربت سنٹر جیل کے قریب واقع ایک حجام کی دوکان میں موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے سندھ کے علاقے بفین سے تعلق رکھنے والے دو کاریگر زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کی شناخت محمد حسین ولد محمد اور عبدالکریم ولد احمد کے ناموں سے کی گئی ہے، جو دکان میں کام کر رہے تھے۔ فائرنگ کے بعد حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جبکہ زخمیوں کو فوری طور پر مقامی اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں انہیں طبی امداد دی جا رہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## باغ ہیڈ اور سی آئی اے پولیس کی مشترکہ کاروائی روپوش ملزمان گرفتار

**اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کاروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے**

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد باغ ہیڈ اور سی آئی اے پولیس کی کامیاب کارروائی پانچ روپوش ملزمان گرفتار کامیاب کاروائی پر اوستہ محمد کے عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستا محمد حسنین وارث کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ ہیڈ سب انسپکٹر سعداللہ جمالی نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان بکن خان ولد علی خان، محرم ولد نبی بخش، منظور احمد ولد تاج محمد، منتھار علی ولد عمر خان اقوام مگسی ساکنان کرتس آباد کو گرفتار کرلیا جبکہ انچارج سی آئی اے اوستہ محمد سب انسپکٹر مقبول حسین جمالی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے روپوش ملزم احمد شاہ ولد امان اللہ قوم سید ساکن فردوس کالونی اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا مزید کاروائی مقامی پولیس کر رہی ہے اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کاروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد قانون کی بالادستی اور روپوش ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھرپور انداز میں کارروائیاں جاری رکھے گی

## قلات، قومی شاہراہ پر مسلح موٹر سائیکل سوار کی فائرنگ، نوجوان جانبحق

قلات (نمائندہ مشرق) قلات مغلوئی کے قریب قومی شاہراہ پر مسلح موٹر سائیکل سوار کی فائرنگ سے ایک نوجوان جانبحق ہو گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز قلات کے علاقے مغلوئی کے قریب قومی شاہراہ پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار کی فائرنگ سے نوجوان جانبحق ہو گیا اطلاع ملتے ریسکیو کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور مقتول کی نعش کو ڈی ایچ کیو پہنچا دیا گیا مقتول کی ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

شناخت محمد رمضان ولد محمد عارف کے نام سے کی گئی ہے پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد نعش کو ورثاء کے حوالے کر دیا قلات پولیس نے تفتیش شروع کر دی ہے

## اوستہ محمد پولیس کی کاروائی میں چوری شدہ 5 لاکھ روپے نقدی برآمد کرلی

**پولیس نے سنگیتا کماری کے گھر ہونے والی چوری کی واردات کو کامیابی سے ٹریس کرلیا**

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی شاندار کارروائی ہندو برادری کے گھر چوری کی واردات ٹریس، ملزم گرفتار، 5 لاکھ روپے نقدی برآمد تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی مؤثر نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی اوستہ محمد انسپکٹر عبدالروف جمالی نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے ہندو برادری سے تعلق رکھنے والی سنگیتا کماری کے گھر ہونے والی چوری کی واردات کو کامیابی سے ٹریس کرلیا۔ پولیس نے ملزم علی مردان عرف کالے ولد محمد رمضان قوم پلال کو گرفتار کیا اور اس کے قبضے سے 5 لاکھ روپے نقدی برآمد کرلی گئی مزید کاروائی مقامی پولیس کر رہی ہے اوستہ محمد پولیس کی مسلسل کامیاب کاروائیوں پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اس موقع پر ہندو کمیونٹی کے مکھی اور مدعی نے پولیس کی بروقت کارروائی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث اور ایس ایچ او غازی عبدالروف جمالی کو ہار پہنائے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد اقلیتوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائے گی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

## سبی ریلوے اسٹیشن کے قریب کریکر دھماکہ، کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا

**نامعلوم افراد دستی بم پھینک کر فرار، سیکیورٹی اداروں نے سرچ آپریشن شروع کر دیا**

سبی (یو این اے) سبی میں ریلوے اسٹیشن کے قریب زوردار کریکر دھماکہ ہوا۔ نامعلوم افراد ریلوے اسٹیشن کی عمارت کے قریب دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے، جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے میں خوش قسمتی سے کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ حملے کے فوراً بعد قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ جائے وقوعہ کا معائنہ کیا جا رہا ہے اور واقعے کی تفتیش جاری ہے۔

## بوستان لیویز نے مغوی خاتون کو بازیاب کرا لیا

**شادی شدہ خاتون کو ہزارہ ٹان سے اغوا کیا گیا تھا، ملزم عباس گرفتار**

کوئٹہ (یو این اے) لیویز فورس بوستان نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹان سے اغوا کی گئی شادی شدہ خاتون کو بازیاب کرالیا، جبکہ ملزم عباس کو بھی موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کاریزات امیر حمزہ کے مطابق مذکورہ خاتون......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بی بی کو کوئٹہ سے اغوا کیا گیا تھا، جس کی اطلاع پر فوری ایکشن لیتے ہوئے لیویز فورس نے بوستان میں کامیاب کارروائی کی۔ انچارج تھانہ بوستان بشیر آغا کے مطابق خاتون کو بازیابی کے فوری بعد متعلقہ پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ملزم عباس سے تفتیش جاری ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

CamScanner

## میاں غنڈی پارک عدم توجہی کے باعث ویرانے میں تبدیل

درخت اور پودے خشک ہو گئے

**چلتن پہاڑی رینج کے دامن میں واقع میاں غنڈی پارک انتہائی دلکش تفریح مقام بن سکتا ہے، صوبائی حکومت سے توجہ دینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (رپورٹ۔ محمد ارسلان فیاض) میاں غنڈی پارک زبوں حالی کا شکار، مناسب دیکھ بھال نہ ہونے سے درخت اور پودے مرجھانے لگے، تفصیلات کے مطابق چلتن پہاڑی رینج کے دامن میں واقع میاں غنڈی پارک انتہائی دلکش تفریح مقام ہے اور پہاڑی سلسلوں کے درمیان میں واقع ہے، چلتن کے پہاڑی سلسلوں میں چلتن وائلڈ گوٹ، چکور، ہی سی سمیت کئی اقسام کے چرند پرند پائے جاتے ہیں جبکہ درخت اور قدرتی جڑی بوٹیاں بھی اس مقام کا حسن دوبالا کرتی ہیں تاہم مناسب دیکھ بھال نہ ہونے سے اکثر پودے مرجھانے لگے ہیں رپورٹ کے مطابق میاں غنڈی پارک جو قیمتی اثاثہ ہیں حکام کی عدم توجہی کے باعث مذکورہ تفریحی پارک زبوں حالی کا شکار ہوگیا ہے پارک میں سیر و تفریح کے لئے آنے والوں کے لیئے سہولیات کا فقدان ہے شہری آلودگی سے پاک یہ ایک انتہائی پرفضا سیاحتی مقام ہے لیکن حکمرانوں کی عدم توجہ کے باعث سیاحوں کی توجہ کا مرکز نہیں بن سکا میاں غنڈی میں قدرت کے حسین مناظر ہیں اور فطرت خداوندی یہاں آب و تاب سے دیکھی جاسکتی ہے تاہم محض اگر تھوڑی توجہ دی جائے تو میاں غنڈی پارک ایک بہترین تفریح گاہ میں تبدیل ہوسکتا ہے اور نہ صرف کوئٹہ اندرون صوبہ بلکہ ملک بھر کے سیاحوں کی توجہ کا مرکز بن سکتا ہے عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت عوام کو تفریح کے مواقع فراہم کرنے میں ناکام ہوگئی ہے جو پارک رہ گئے ہیں ان کی بہتری کے لیئے بھی کوئی توجہ نہیں دی جارہی انہوں نے مطالبہ کیا کہ فی الفور مذکورہ پارک کی حالت زار بہتر بنائی جائے تاکہ لوگوں کو صحت مندانہ تفریح کے مواقع میسر آسکیں اور رواں سیزن میں پارک میں بھرپور شجرکاری کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## پی ٹی وی میں سیکورٹی پر مامور گارڈز 6 ماہ سے تنخواہوں سے محروم

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں پی ٹی وی میں سیکورٹی پر مامور تین درجن کے قریب سیکورٹی گارڈز گزشتہ 6 مہینوں سے تنخواہوں سے محروم ہیں مہنگائی کے اس دور میں سیکورٹی گارڈز مشکلات کا شکار ہیں ان کے گھروں میں فاقے اور چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں 36 کے قریب سیکورٹی گارڈز گزشتہ چھ مہینوں سے تنخواہوں کے انتظار میں ہیں گھروں کے کرائے اشیا خورد و نوش ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سکولوں کی فیس و اخراجات سمیت مختلف ضروریات پوری کرنے کیلئے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے سیکورٹی گارڈز کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے کوئٹہ جیسے شہر میں شدید مہنگائی کے دور میں زندگی گزارنا محال ہو چکا ہے ایک عید تو بمشکل گزر گئی جبکہ تنخواہوں کی بندش کے دوران دوسری عید آ رہی ہے اور یہ بے چارے بلا تنخواہ شدید ذہنی کوفت کا شکار ہیں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان وزیر اطلاعات و نشریات سمیت متعلقہ حکام سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ پی ٹی وی بولان کوئٹہ میں تعینات سیکورٹی گارڈز کی بند تنخواہیں جلد جاری کیے جائیں۔

Century Express Quetta

## صوبائی وزیر اطلاعات کا تقرر کیا جائے، ایکشن کمیٹی

**اخباری صنعت کو وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مزید بہتر اقدامات کی امید ہے**

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا علامتی احتجاجی کیمپ ساتویں روز بھی جاری رہا۔ علامتی احتجاجی کیمپ میں اخبارات و جرائد کے مدیران کی بڑی تعداد شریک جبکہ انجمن اخبار فروشاں کے نمائندگان بھی موجود رہے۔ احتجاجی کیمپ میں شریک مدیران اور ذمہ داران کو ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ ترین نے تاحال ہونیوالی پیشرفت سے آگاہ کیا۔ احتجاجی کیمپ کے شرکاء نے اپنا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا کہ اشتہارات کو BPPRA پر منتقل کرنے سے پوری اخباری صنعت بندش کی طرف چلی جائے گی صوبے کی واحد صنعت کی بندش کی وجہ سے ہزاروں لوگ بیروزگار ہو جائیں گے۔ علامتی احتجاجی کیمپ کے شرکاء کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پوری اخباری صنعت کو مزید بہتر اقدامات کی امیدیں وابستہ ہیں کیونکہ موجودہ دور حکومت میں ہی فنڈز کی کمی کا دیرینہ مسئلہ حل ہو پایا ہے۔ جس کے سبب اخباری صنعت کے مسائل میں کافی حد تک کمی ہوئی ہے، شرکاء نے وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ صوبے کی واحد اخبار مارکیٹ کے مسائل تاحال حل طلب ہیں جس پر احکامات کے باوجود عملدرآمد نہیں ہو پایا۔ احتجاجی کیمپ کے شرکاء نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ جلد وزیر اطلاعات کا تقرر کیا جائے تاکہ صوبائی محکمہ اطلاعات مزید فعال اور موثر کردار ادا کر سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## ٹریکٹر مافیا نے عوام کو عذاب میں مبتلا کر رکھا ہے، پامیر کنزیومر سوسائٹی

**ضلعی انتظامیہ سے سکول اور دفتری اوقات میں پابندی کے باوجود دن رات سڑکوں پر عوام کے لئے کسی عذاب سے کم نہیں، نذر بڑیچ**

کوئٹہ (آن لائن) پامیر کنزیومر سوسائٹی کے چیف کوارڈینیٹر نذر بڑیچ۔ سینئر ڈپٹی کوارڈینیٹر حاجی سلیم ناصر۔ سردار حبیب بڑیچ۔ جعفر خان کاکڑ۔ یار محمد بڑیچ۔ اغا محمد یوسف۔ و دیگر رہنماؤں نے کوئٹہ شہر میں ٹینکر مافیا کی جانب سے عوام کو اذیت میں مبتلا کرنے۔ ٹریفک نظام کو تباہ کرنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے سکول اور دفتری اوقات میں پابندی کے باوجود دن رات سڑکوں پر عوام کے لئے کسی عذاب سے کم نہیں۔ گزشتہ سال ضلعی انتظامیہ ٹریکٹر ایسوسی ایشنز۔ اور کنزیومر سوسائٹی نے ملکر اوقات کار طے کی ہیں جس کے مطابق صبح ساڑھے 7 بجے سے لیکر ساڑھے نو بجے اور دو پہر ساڑھے گیارہ بجے سے لیکر دو بجے تک ٹینکر کی آمد و رفت پر مکمل پابندی لگائی۔ لیکن اس کے باوجود ٹریکٹرز صبح دو پہر سکول اوقات میں ٹینکر نے عوام کا جینا حرام کر دیا گیا ہے۔ انہوں ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سکول اور دفاتر کے اوقات میں ہر قسم کے ہیوی ٹریفک جس میں ٹینکر سر پرست ہے کے چلنے پر پابندی کو یقینی بنائیں اور عوام کو اس عذاب سے نجات دلائی جائے۔ کیونکہ کل کسی بھی قسم کا حادثہ ہوسکتا ہے۔ چھٹی اور صبح سکول کے ہزاروں بچے ہوتے ہیں۔ اگر کسی بھی بچے کو کوئی نقصان پہنچا تو ذمہ دار مذکورہ ٹینکر اور ضلعی انتظامیہ ہوگی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 11 MAY 2025 Page No. 17

## بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ بلوچستان میں طبی سہولیات کا فقدان پایا جاتا ہے، یہاں کے اکثر سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں، ان ہسپتالوں میں کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان کے ہسپتال بھی شامل ہیں، حیرت کی بات یہ ہے کہ صوبے میں آنے والی ہر حکومت نے طبی سہولیات کی فراہمی کے وعدے اور دعوے کیئے لیکن عملی طور پر کچھ نہیں ہوا، حالانکہ ہر بجٹ میں صحت کے شعبے کے فنڈز میں اضافہ بھی کیا جاتا رہا لیکن اس کے باوجود ہسپتالوں میں مریضوں کو علاج کروانے میں مشکلات درپیش رہے۔

اب وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اقتدار میں آتے ہی صحت کے شعبے کو فعال کرنے کیلئے اقدامات کا آغاز کر دیا ہے وہ اس سلسلے میں متعلقہ حکام کو وقتاً فوقتاً شعبے کے بہتری کیلئے ہدایات دیتے رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ بھی محکمے کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے متعلقہ حکام سے رابطے میں رہتے ہیں کسی بھی ایمرجنسی کی حالت میں وہ خود ہسپتالوں کا دورہ کر کے ہدایات دیتے رہتے ہیں جو کہ قابل تعریف اقدام اور اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے۔

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی حکومت اور انڈس ہسپتال کے تعاون وے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی رہائش اور دیگر سہولیات کی فراہمی سے متعلق حکومت مکمل تعاون کریگی انہوں نے ہدایت دی کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی ہائرنگ جلد مکمل کی جائے صوبائی حکومت کی ترجیحات میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست ہے، حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق بیان صوبے کے عوام کو بہترین مفاد میں ہے، اس سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی اور عوام کو صحت کی سہولتیں ان کی دہلیز پر فراہم ہوگی،

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 11 MAY 2025

Page No. 18


## Focusing rural areas

Quetta has been witnessing a massive rise in its population during the past two decades. The fast urbanisation has created a number of issues for the residents of Quetta city and the administration seems hapless to address the influx of issues emerging in the shape of poor sanitation, water shortage, unemployment and so many other health and education issues. The United Nation's estimates suggest that by 2025 nearly half of Pakistan's population will be living in the cities. Predominantly, the cause of fast rural-urban migration in Pakistan is owing to the scarcity of resources and job opportunities in rural areas which prompt people to move to the cities. There are a few reasons for increased opportunities in major urban centres. Cities enjoy sufficient economies, which means a large number of goods and services exist close to one another, and firms enjoy the benefits of cost reduction and increased efficiency. Moreover, consumers in cities are educated and aware, unlike people in and from rural areas. As a result, companies try to be competitive in terms of providing superior quality. Finally, urban gigantism is also one reason for more working opportunities and improved living standards in the cities. Consequently, people migrate to such centres. Urbanisation in developing countries is due to unequal growth opportunities and is considered a barrier to economic growth. Although people migrate from rural to urban areas to improve their quality of life, most of them are uneducated and unskilled people who cannot afford to improve their lifestyle. As a result, cities have a large number of people working in informal sectors and living in shantytowns. It is very unfortunate that rural areas are badly neglected in the development process. Mostly rural areas in the country particularly in Balochistan are deprived of basic facilities such as clean drinking water, schools, colleges and hospitals. Even there are villages and small towns that lack proper road infrastructure that not only is a big hurdle for the people but it also badly affects economic development of the area. People in rural areas are mostly associated with agriculture and livestock to earn their livelihood but whenever there is drought, it becomes very hard for the people to survive therefore they opt to migrate towards cities. Thus it is necessary that the government must focus on making rural areas more liveable by making quality education, healthcare facilities accessible to people in the villages and by providing training to employees working in informal sectors. To control urban growth, the government must come up with timely action and policies in paying extra ordinary attention towards the development of rural areas.

CamScanner



کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری سپر لیگ کے فائنل کرکٹ میچ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں